**NHS**
**Bristol**
**South Gloucestershire**

# Understanding Tuberculosis (TB)

# تپ دق (ٹی بی)
# کے بارے میں جاننا

**Information for people coming to live in the UK**

**یو کے میں قیام کے واسطے**
**آنے والے لوگوں کے لئے معلومات**

اگر آپ ٹی بی کے بارے میں فکر مند ہیں تو NHS ڈائرکٹ کو 0845 4647 پر فون بھی کرسکتے ہیں ۔ وہ ترجمہ شدہ شکل میں مشورہ فراہم کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو یہ معلومات کسی مختلف زبان میں، یا کسی اور شکل جیسے بریل، آڈیوٹیپ، چھاپے کے بڑے حروف، یا ڈسک میں درکار ہے تو، براہ کرم رابطہ کریں۔ دی ہیون سے 0117 9703887 پر یا ای میل کریں۔ the.haven@nhs.net
یہ درج ذیل پتے پر متعدد زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔ www.avon.nhs.uk/haven

یہ کتابچہ دی ہیون ہیلتھ اسیسمنٹ سروس کے ذریعہ ایوَن ہیلتھ پروٹیکش یونٹ کے اشتراک سے تیار کیا گیا تھا۔
آخری تجدید مارچ 2008

**Urdu / انگریزی**

## بی سی جی کا ٹیکہ کب نہیں لگایا جانا چاہئے؟

آپ کو بی سی جی نہیں لگوانا چاہئے
اگر آپ کو:

- پہلے سے ٹی بی ہے
- گزشتہ 3 مہینوں میں مینٹؤکس جانچ کا نتیجہ مثبت رہا ہے
- پہلے بی سی جی لگوایا ہے نیز بی سی جی کا ایک نظرآنے والا نشان موجود ہے یا
- پہلے بی سی جی کے ٹیکے لگوانے کا کاغذی ریکارڈ موجود ہے
- گزشتہ 4 ہفتوں میں کوئی اور ٹیکہ لگوایا ہے
- کوئی سنگین مرض جیسے کینسر ہے
- عفونت جلد کا عارضہ لاحق ہے
- تیز بخار ہے

یا اگر آپ:

- صفرائی ترشہ والی دوا لے رہے ہیں
- حاملہ ہیں
- ایچ آئی وی مثبت ہیں۔

اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ آیا آپ کو ایچ آئی وی / ایڈز ہے تو، ایچ آئی وی کی ایک جانچ کی جاسکتی ہے۔



## بی سی جی کا ٹیکہ کیسے لگایا جاتا ہے؟

بی سی جی بازو کے اوپری حصے میں انجکشن کے طور پر لگایا جاتا ہے۔
اس کی وجہ سے ایک چھوٹی سی پھنسی ابھر آتی ہے ۔
جو چند گھنٹوں کے اندر اندر ختم ہوجاتی ہے۔

## اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟

2 - 6 ہفتوں کے اندر ٹیکہ لگانے کی جگہ پر ایک گومڑ ہوجائے گا اور چند دنوں تک اس جگہ پر درد ہوسکتا ہے۔ وہ گومڑ ایک چھوٹا سا سفید دھبّہ یا السر بن جائے گا، جس سے رقیق مواد کا رساؤ ہوسکتا ہے اور پھر پپڑی جم سکتی ہے۔ اس کو پوری طرح سے مندمل ہونے میں 6 ماہ تک کا وقت لگ سکتا ہے اور اس کی وجہ سے ایک چھوٹا سا چپٹا سا داغ رہ جائے گا۔

یہ ضروری ہے کہ اس جگہ یا پھوڑے کو بھینچیں یا کھرچیں نہیں اور اس کو ہوا میں کھلا، بغیر ڈھکا ہوا اور بغیر پلاسٹر کے چھوڑ دینا چاہئے۔
اگر ٹیکہ لگانے کی جگہ سے رقیق مادّہ کا رساؤ ہوتا ہے تو اس کو صرف نہانے یا شاور لینے کے دوران واٹرپروف ڈریسنگ سے ڈھکا جاسکتا ہے۔ اس مقام پر کریم یا پرفیوم کا استعمال نہ کریں۔

بی سی جی کا ٹیکہ لگوانے کے بعد، 3 مہینوں تک اسی بازو میں مزید کوئی ٹیکہ نہیں لگوانا چاہئے۔

## تپ دق (ٹی بی) کیا ہے؟

ٹی بی ایک سنگین متعدّی مرض ہے جو عام طور پر پھیپھڑوں پر اثرانداز ہوتا ہے لیکن جسم کے دیگر حصوں کو بھی متاثر کرسکتا ہے۔ ٹی بی پوری دنیا میں بہت سے لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔



## ٹی بی کی علامات کیا ہیں؟

ٹی بی کی انتہائی عمومی علامات حسب ذیل ہیں:

- 3 ہفتوں سے زیادہ عرصے تک رہنے والی کھانسی
- بخار
- رات میں پسینہ آنا
- کھانسی کے ساتھ خون آنا
- اشتہاء کی کمی
- وزن کم ہوجانا
- کمزوری یا تھکان کا احساس ہونا۔

## آپ ٹی بی کی گرفت میں کیسے آسکتے ہیں؟

جب پھیپھڑوں کی کھانسی میں مبتلا کوئی شخص کھانستا، تھوکتا یا چھینکتا ہے تو، ٹی بی کے جراثیم ہوا میں پھیل جاتے ہیں۔ دیگر افراد ان جراثیم کی موجودگی میں سانس لیتے ہیں اور وہ ٹی بی کی گرفت میں آسکتے ہیں۔

ٹی بی کی تعدّی آپ کے جسم میں دو الگ الگ طریقوں سے فروغ پاسکتی ہے۔ ایک کو فعّال ٹی بی اور دوسرے کو مضمر ٹی بی کہا جاتا ہے۔

فعّال ٹی بی میں علامات فروغ پاجاتی ہیں اور لوگ بہت زیادہ بیمار ہوسکتے ہیں۔

مضمر ٹی بی کا مطلب یہ ہے کہ جراثیم آپ کے جس میں 'خفتہ' رہتے ہیں۔ مضمر ٹی بی بہت طویل عرصے تک، یہاں تک کہ سالوں تک، بغیر علامات کے برقرار رہ سکتا ہے۔ آپ کو بیماری کا احساس نہیں ہوگا اور آپ کو تعدّی لاحق نہیں ہوگی۔ تاہم، اگر آپ کا علاج نہیں ہوتا ہے تو، کبھی کبھار یہ بھی ممکن ہوسکتا ہے کہ مضمر ٹی بی فعّال ٹی بی ہوجائے اور پھر آپ بہت زیادہ بیمار پڑسکتے ہیں۔

## کیا کسی شخص کو ٹی بی ہونے کا خصوصی خطرہ لاحق ہے؟

کسی بھی شخص کو ٹی بی ہو سکتی ہے، لیکن اگر آپ کسی ایسے شخص کے قریبی رابطے میں رہے ہیں جو فعّال ٹی بی میں مبتلا ہے تو اس کا زیادہ امکان ہے۔ جن افراد میں تعدّی سے لڑنے کی صلاحیت کمزور ہوجاتی ہے ان پر بھی اس کے اثرانداز ہونے کا زیادہ امکان رہتا ہے۔



## کیا ٹی بی کا علاج ہوسکتا ہے؟

زیادہ تر معاملات میں ٹی بی کی تعدّی کا علاج ہوسکتا ہے، خاص طور سے اگر علاج بروقت شروع کردیا جاتا ہے اور اور ٹی بی کی دوا کا پورا کورس مکمل کرلیا جاتا ہے۔ اس میں عام طور پر 6 - 9 ماہ کا وقت لگتا ہے۔

> دوا لازمی طور پر ہدایت کے عین مطابق ہی لینی چاہئے اور پورا کورس مکمل کرنا چاہئے۔ یہاں تک کہ اگر آپ بہتر محسوس کررہے ہوں تو بھی، جب تک آپ سے دوا بند کرنے کو نہ کہا جائے اس کو لیتے رہنا ضروری ہے۔
>
> اگر دوا نامناسب طریقے سے لی جاتی ہے یا وقت سے بہت پہلے ہی بند کردی جاتی ہے تو ٹی بی کے علاج میں رکاوٹ آسکتی ہے، اور پھر بیماری بہت پیچیدہ ہوسکتی ہے یا اس کا علاج کرنا ناممکن ہوسکتا ہے۔

ٹی بی کو پھیلنے سے روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ مرض کا بروقت اور مکمل علاج کیا جائے۔

## کیا ٹیکہ کاری کے ذریعہ ٹی بی کو روکا جاسکتا ہے؟

ہمیشہ تو نہیں۔ بی سی جی کا ٹیکہ کچھ تحفظ فراہم کرسکتا ہے لیکن یہ ہمیشہ 100٪ نہیں ہوتا ہے اور آپ کی عمر بڑھنےکے ساتھ ساتھ یہ کم ہوسکتا ہے۔ بہتر تو یہ ہے کہ بی سی جی کا ٹیکہ ولادت کے وقت ہی لگا دینا چاہئے۔ بی سی جی کا ٹیکہ کبھی کبھار قدرے بڑی عمر کے بچوں اور نوجوان بالغ افراد کو بھی لگایا جاتا ہے۔

## مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے ٹی بی ہے؟

سینے کا ایکسرے کروانے سے عام طور پر پھیپھڑوں کے فعّال ٹی بی کا پتہ چل جاتا ہے۔

جلد کی ایک معمولی سی جانچ سے جس کو مینٹوکس (Mantoux) جانچ کہا جاتا ہے یہ پتہ لگانے میں مدد ملتی ہے کہ آیا آپ کو مضمر ٹی بی ہے یا جسم کے کسی اور حصے میں ٹی بی ہے۔ جانچ والے رقیق مادّے کی ایک معمولی سی مقدار کہنی اور کلائی کے درمیان والے حصے کی جلد کے نیچے داخل کی جاتی ہے۔ قریب 48 - 72 گھنٹے کے بعد نرس اس حصے کی جانچ کرتی ہے۔

اگر جلد کی جانچ مثبت ہے تو، اس پر سوجن ہوجائے گی اور ممکن ہے کہ پھنسی ہوجائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ پہلے ہی ٹی بی کے جراثیم کے رابطے میں آچکے ہیں۔ آپ کے اندر مضمر یا فعّال ٹی بی ہوسکتی ہے اور آپ کو مزید جانچ کروانی ہوں گی اور اس کا ممکنہ علاج کروانا ہوگا۔

اگر جلد کی جانچ منفی ہے تو انجکشن لگائے جانے کی جگہ پر کوئی ردّعمل نہیں ہوگا یا معمولی سا ہوگا۔ اس کے بعد نرس آپ کو بتائے گی کہ آیا آپ کو بی سی جی کی ٹیکہ کاری سے متعلق قومی پالیسی کے مطابق بی سی جی کا ٹیکہ لگوانے کی ضرورت ہے۔

## بی سی جی کا ٹیکہ کس کو لگوانا چاہئے؟

16 سال سے کم عمر کے ایسے افراد جو:

- ایسے ملک سے آتے ہیں جہاں ٹی بی عام ہے۔

16 - 35 سال کی عمر کے افراد کو بی سی جی درکار **ہوسکتا ہے:**

- اگر وہ ایسے ملک سے آتے ہیں جہاں ٹی بی بہت عام ہے۔

اگر آپ یا آپ کے بچے نے پہلے بی سی جی کا ٹیکہ لگوایا ہے تو آپ کو دوسرا ٹیکہ لگوانے کی ضرورت نہیں ہے۔